MERIT PACKAGING LIMITED Since 1980
PROGRESSIVE Packaging Solutions

میرٹ پیکیجنگ لمیٹڈ

لیکسن اسکوائر بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی۔74200

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ میرٹ پیکیجنگ لمیٹڈ کا ایک غیر معمولی اجلاس عام بروز جمعرات، 15 فروری 2024 کو دوپہر 03:00 بجے بمقام PSX آڈیٹوریم، اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی, میں الیکٹرانک ذرائع / ویڈیو لنک سہولت کے ساتھ مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

خصوصی امور:

1. غور کرنا اس امر پر کہ اگر منظور کرنے کے لیے مناسب سمجھا جائے تو، مندرجہ ذیل خصوصی قراردادوں کی،، ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر، کمپنی کی زمین اور فیکٹری کی عمارت (اثاثے) واقع B-17، سیکٹر 29، کورنگی انڈسٹریل ٹاؤن شپ کراچی، کمپنی کی بڑھتی ہوئی ذمہ داریوں کو نمٹانے کی غرض سے، متعلقہ فریق کو تصرف کرنے کے لیے ممبران سے منظوری لی جائے:

"قرار پایا کہ حصص یافتگان کی رضامندی اس امر پر دی جاتی ہے کہ، زمین اور فیکٹری کی عمارت (اثاثے) واقع B-17، سیکٹر 29، کورنگی انڈسٹریل ٹاؤن شپ، کراچی جس کی کل پیمائش 17,111.11 مربع گز اور تعمیر شدہ ایریا 140,220 مربع فٹ پر محیط ہے، کا تصرف کیا جائے، زمین اور فیکٹری کی عمارت (اثاثے) پر مشتمل کی مجموعی رقم فروخت 1,554,592,000 روپے جو کہ SECP کے مصدقہ قدر کنندگان میسرز جوزف لوبو (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور میسرز کے جی ٹریڈرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی متعدد ویلیوایشن رپورٹس کی بنیاد پر ہے۔"

بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اثاثوں کی فروخت کے لیے مجاز اور بااختیار کیا جاتا ہے۔ بورڈ اپنے اختیارات کسی ڈائریکٹر یا چیف ایگزیکٹو آفیسر (CEO) کو ایسی شرائط وضوابط پر تفویض کرسکتا ہے جو وہ مناسب سمجھیں، تاکہ وہ کمپنی کی جانب سے تمام کاموں، معاملات، چیزوں اور اعمال کو نافذ کرنے اور/ یا انکو منتج کرنے کے لیے، جس میں اثاثوں کی فروخت اور اس کے زیر غور لین دین کو روبہ عمل لانا، شامل ہیں، جو درج ذیل پر مشتمل ہونگے لیکن ان تک محدود نہیں ہوں گے:

ا) اثاثوں کو اس کے متعلقہ فریق سیزا سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (خریدار) کو فروخت کرنا اور اس مقصد کے لیے، کمپنی کی اہم ذمہ داریوں کو جزوی طور پر طے کرنا اور خریدار خریداروں یا کسی اور شخص کے ساتھ فروخت، ڈیڈ یا معاہدہ کرنا۔ یا خریدار یا کسی اور شخص کے حق میں اثاثوں کی فروخت کو منتج کرنے کے لیے خریدار/خریداروں یا کسی دوسرے شخص کے حق میں فروخت پر غور، عمل درآمد کرنا، کسی بھی سیل ڈیڈ، کنوینس ڈیڈ، خریدار کے حق میں منتقلی اور اسکی تمام فریقین اور متعلقہ حکام کے سامنے نمائندگی کیلئے دستاویزات کو تیار کرنا، اور اس پر عمل درآمد کو یقینی بنانا؛

ب) سب رجسٹرار یا کسی دوسرے مجاز اتھارٹی کے سامنے نمائندگی کرنا اور کسی بھی سیل ڈیڈ یا اس طرح کے دیگر دستاویزات کو رجسٹر کرانا اور اثاثوں کی فروخت کے سلسلے کی رقم وصول کرنا، اور

پ) اثاثوں کے سلسلے میں عمومی طور پر تمام قانونی معاہدوں، راضی ناموں اور امور کو انجام دینا اور ان پر عمل کرنا جو کہ اثاثوں کی فروخت کو نافذ کرنے اور مکمل کرنے کے لیے موزوں اور مناسب ہو۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی اثاثوں (منظور شدہ) کی فروخت کے سلسلے میں تمام ضروری اور اس سے متعلق کارروائیاں کرنے کی مجاز ہے۔

مزید قرار پایا کہ بورڈ، شیئر ہولڈرز کی مزید منظوری کی ضرورت کے بغیر، ان قراردادوں میں ان ترامیم کو ماننے کا مختار ہے جو SECP کی طرف سے دی جاسکتی ہیں۔

مزید قرار پایا کہ اس قرارداد کی موجودہ شکل میں یا ڈائریکٹر/سی ای او/کمپنی سیکرٹری کے ذریعہ ترمیم شدہ، کی تصدیق شدہ کاپیاں متعلقہ حکام کو بھیجی جائیں اور وہ اس وقت تک نافذ رہیں گی جب تک اس کے برخلاف کوئی تحریری نوٹس نہیں دیا جاتا۔

2۔ اس امر پر غور کرنا اور مناسب سمجھا گیا تو اسے منظور کرنے کے لیے، درج ذیل خصوصی قراردادوں پر، ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر سیزا سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (خریدار) کو اثاثوں کی فروخت کے معاہدے کے تحت فروخت کی گئی زمین اور فیکٹری کی عمارت کے لیز کے لیے اراکین کی منظوری حاصل کرنا، اور یقینی بنانا کہ کمپنی کے کاروبار کا بلاتعطل تسلسل جاری رہے:

"قرار پایا کہ، جائیداد کے مالک کے ساتھ باہمی طور پر طے شدہ شرائط وضوابط پر کمپنی کی کاروباری/مینوفیکچرنگ سرگرمیوں کے تسلسل کے لیے، زمین اور فیکٹری کی عمارت (اثاثے) واقع B-17، سیکٹر 29، کورنگی انڈسٹریل ٹاؤن شپ، کراچی جس کی کل پیمائش 17,111.11 مربع گز اور تعمیر شدہ ایریا 140,220 مربع فٹ پر محیط ہے (جسے اب "اثاثے" کہا جائے گا) کے لیز کے لیے شیئر ہولڈرز کی رضامندی دی جاتی ہے۔"

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو لیز کے معاہدے کی میعاد ختم ہونے/تجدید کے وقت لیز/رینٹل کی شرائط وضوابط پر گفت وشنید، جیسا کہ وہ باہمی طور پر مناسب سمجھیں، کرنے کا اختیار ہے۔

:مزید یہ قرار پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو تمام اعمال، اور امور طے کرنے، تمام ضروری کارروائی کرنے اور زمین اور فیکٹری کی عمارت کی لیز کے حوالے سے ضرورت کے مطابق بینکنگ کی سہولیات اور تمام قانونی رسمی کارروائیوں کو مکمل کرنے اور مذکورہ قرارداد کو عملی جامہ پہنانے کے مقصد کے لیے ضروری یا اس سے متعلق تمام ضروری دستاویزات فائل کرنے اور کسی تصفیہ سے متعلق تمام معاملات، کا اختیار ہے۔"

حسب الحکم بورڈ
(منصور احمد)
کمپنی سیکریٹری

کراچی: 19 جنوری 2024ء

نوٹس:

1. کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتابیں 08 فروری 2024 سے 15 فروری 2024ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ حصص کی منتقلی کی درخواستیں جو باضابطہ طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئرز رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی میں 07 فروری 2024ء کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونگی، غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے لئے بروقت تصور کی جائیں گی۔

2. **غیر معمولی اجلاس عام کی کاروائی میں شرکت فزیکل یا بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ:**

ا۔ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں شیئرز جمع کرانے والے ممبران اپنا پارٹیسپینٹ آئی ڈی نمبر، CDC اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ نمبر اور اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں شرکت کے وقت ضرور ساتھ لائیں۔

ب۔ غیر معمولی اجلاس عام کی کاروائی میں فزیکل یا بذریعہ ویڈیو لنک شرکت۔

الیکٹرونک ذرائع کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے لئے خصوصی انتظامات درج ذیل ہونگے:

ا۔ ایسے ممبران جو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند ہوں ان کی شرکت کے لئے ZOOM ایپلیکیشن۔ ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کی جائیگی۔

ب۔ شیئر ہولڈر حضرات جو طبعی طور پر یا ZOOM ایپلیکیشن کے زریعے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند ہیں وہ خود کو کمپنی سیکریٹری کے آفس میں اجلاس کے آغاز سے کم از کم 48 گھنٹے قبل (یعنی 13 فروری 2024 کو 3:00 بجے سے قبل) تک مطلوبہ معلومات فراہم کرتے ہوئے درج ذیل طور پر رجسٹر کروالیں:

(i) موبائل/واٹس اپ: 0315 5008228

(ii) ای میل: mansoor@lakson.com.pk

شیئر ہولڈر حضرات سے گزارش ہے کہ وہ اپنا نام، CNIC نمبر، فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، سیل نمبر اور اپنی ای میل آئی ڈی بغرض شناخت ظاہر کریں۔

خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درج بالا معلومات موصول ہونے کے بعد، کمپنی انکی لاگ ان تفصیلات ان کے ای میل ایڈریس پر بھیج دے گی۔ شیئر ہولڈر حضرات اجلاس عام کی تاریخ پر اپنے اسمارٹ فونز یا کمپیوٹر کی مدد سے لاگ ان ہوکر اجلاس عام کی کاروائی میں شریک ہوسکیں گے۔

مندرجہ بالا کی روشنی میں شیئر ہولڈر حضرات مجوزہ ایجنڈا نکات کے سلسلے میں اپنے تبصرے اور تجاویز بھی اوپر بتائے گئے ذرائع کی مدد سے بھیج سکتے ہیں۔

3. **پراکسیز کی نامزدگی کے لوازم:**

ا۔ ایک ممبر جو اجلاس ہٰذا میں شرکت اور ووٹ کا حقدار ہے وہ اپنی جگہ اجلاس میں شرکت، گفتگو اور ووٹ کے لئے کسی دوسرے ممبر کو بطور پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ ایسے مقرر کردہ پراکسی کو شرکت، گفتگو اور ووٹنگ کے لئے وہی اختیارات حاصل ہونگے جو کسی ممبر کو حاصل ہونگے۔ پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا لازمی ہے۔

ب۔ پراکسی فارمز کے موثر ہونے کے لئے ان کا صحیح طور پر پُر شدہ ہونا اور کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع لیکسن اسکوئر بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی میں غیر معمولی اجلاس عام کے وقت سے 48 گھنٹے قبل علاوہ چھٹی کے دنوں کے موصول ہونا ضروری ہے۔

پ۔ پراکسی فارم پر دو افراد کے بطور گواہ دستخط کریں گے جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

ت۔ مستفید مالکان اور پراکسی کے CNIC کی کاپیاں یا انکے درست پاسپورٹ کو پراکسی فارم کے ساتھ پیش کیا جائے گا۔

ٹ۔ میٹنگ کے وقت پراکسی اپنا اصل CNIC یا اصل درست پاسپورٹ پیش کرے گا۔

ث۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی نمونہ کے دستخط کے ساتھ کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ (اگر اسے پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) جمع کرایا جائے گا۔

4. **شیئر ہولڈرز کے پتوں اور دیگر کوائف میں تبدیلی کی تجدید:**

فزیکل شکل میں حصص رکھنے والے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے یا کسی دوسری تفصیلات میں کسی تبدیلی کے بارے میں کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔ حصص داران جو اپنے حصص کو الیکٹرانک شکل میں برقرار رکھتے ہیں ان کا پتہ ان کے پارٹیسپنٹ یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹس سروس کے پاس اپ ڈیٹ ہونا چاہیے۔

مزید برآں، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 19 کے تقاضوں کی تعمیل کرنے کے ضمن میں، تمام CDC اور شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا ای میل ایڈریس اور سیل فون نمبر کی تجدید اپنے فزیکل فولیو یا CDC اکاؤنٹ میں کروالیں۔

5. **فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم کی صورت میں تبدیلی**

تمام لسٹڈ کمپنیوں کے نام سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنا ایک خط CSD/ED/Misc./2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 جاری کیا ہے جس میں کمپنیوں کی توجہ اس جانب دلائی گئی ہے کہ وہ اپنے جاری کردہ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کی صورت میں، ایکٹ کے اجرأ کی تاریخ کے چار سال کے اندر اندر تبدیل کرلیں۔

متذکرہ بالا سیکشن 72 میں دی گئی شرائط کے تحت مکمل تعمیل کو یقینی بنانے کے لئے اور بک انٹری فارم کی صورت میں شیئرز کی سہولت سے استفادہ کرنے کے لئے، وہ شیئر ہولڈرز جو کہ اب تک فزیکل شیئرز رکھے ہوئے ہیں ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز بک انٹری کی شکل میں جلد از جلد تبدیل کروالیں۔

سی ڈی ایس اکاؤنٹ کھولنے اور بعد ازاں فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے سلسلے میں حصص داران اپنے بروکر، سی ڈی سی شرکت کنندہ یا سی ڈی سی انوسٹر اکاؤنٹ سروس پروائیڈر سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ یہ عمل شیئر ہولڈرز کو کئی طریقوں سے سہولت فراہم کرے گا جس میں حصص کی محفوظ تحویل، ڈپلیکیٹ حصص کے اجراء کے لیے درکار رسمی کارروائیوں سے گریز وغیرہ شامل ہیں۔

6. **کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 244 کے تحت نیز غیر دعویٰ شدہ منافع/حصص**

کمپنی کے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/حصص کی ایک تازہ ترین فہرست کمپنی کی ویب سائٹ www.meritpack.com. پر دستیاب ہے۔ یہ غیر دعویدار ڈیویڈنڈ/حصص ہیں جو واجب الادا اور قابل ادائیگی ہونے کی تاریخ سے تین سال کی مدت تک غیر دعویدار یا غیر ادا شدہ رہے ہیں۔ شیئر ہولڈرز کلیم فارمز پر دعوے درج کرسکتے ہیں جیسا کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ ڈیویڈنڈ/حصص کی وصولی کے لیے کلیم فارمز کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو جمع کرانے ہونگے۔

7. ممبران، کمپنیز ایکٹ 2017 کی شقوں 143 تا 145 نیز کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی قابل اطلاق شرائط کی روشنی میں، اپنے حق رائے دہی کے استعمال کے سلسلے میں رائے شماری کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔

8. کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134 کے تحت مادی حقائق کے سلسلے میں بیانیہ ذیل میں دیا جارہا ہے۔ پراکسی فارم ممبران کو اس نوٹس کے ہمراہ ارسال کیا جارہا ہے نیز یہ فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.meritpack.com پر بھی دستیاب ہے۔

مادی حقائق کے سلسلے میں بیانیہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت

کمپنی کا غیر معمولی اجلاس عام فریق متعلقہ کو اراضی اور فیکٹری کی عمارت کا تصرف کرنے اور اس طرح کے تصرف کی لیز بیک کے لئے، اراکین کی منظوری سے مشروط، خصوصی قرارداد پاس کرنے کے لیے بلایا جارہا ہے۔

اثاثوں کی فروخت کا جواز: اثاثوں کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی قرض دہندگان و مالیاتی اداروں، بشمول سیزا (پرائیویٹ) لمیٹڈ، سیزا کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور پریمیر فیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے لیے واجب الادا قرض کے تصفیہ کے لیے استعمال کی جائے گی، یہ قرضے اگلے دو سہ ماہیوں کے دوران پختہ ہونے کا امکان ہے۔ زمین اور فیکٹری کی عمارت کو لیز بیک کرنے کا مقصد کمپنی کے کاروبار کے بلاتعطل تسلسل کو یقینی بنانا ہے۔

مزید، کمپنی کے ڈائریکٹرز کا اس معاملے میں کوئی مفاد نہیں ہے سوائے کمپنی میں ان کی ڈائریکٹرشپ کی حد اور معاوضے کی ادائیگی کے۔ ڈائریکٹرز تصدیق کرتے ہیں کہ کمپنی کے مرکزی کاروبار میں کوئی تنوع نہیں ہے۔

ایجنڈا آئیٹم: 1 اور 2

اراضی اور فیکٹری بلڈنگ ("اثاثے") کے تصرف اور اثاثوں کی لیز بیک کے لیے خصوصی قراردادیں:-

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 09 جنوری 2024 کو ہونے والے اپنے اجلاس میں آڈٹ کمیٹی کے تجزیوں، پاکستان میں ویلیوایشن فرموں کی جانب سے منصفانہ مارکیٹ ویلیو کی سفارشات، کمپنی اور ممکنہ خریدار کے مابین میمورینڈم آف انڈرسٹینڈنگ کو مدنظر رکھتے ہوئے، نیز ان شرائط وضوابط پر جو کہ موزوں اور مناسب سمجھی گئی ہیں اور جو کہ حصص داران کی طرف سے حتمی شرائط وضوابط کی مزید منظوری سے مشروط ہیں، متذکرہ زمین اور اس پر فیکٹری کی عمارت کے تصرف کی منظوری دی۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی ذمہ داریوں پر غور کرتے ہوئے قرارداد پاس کی نیز کمپنی پر واجب الادا قرضوں کی میعاد کی تکمیل کو مدنظر رکھا۔ یہ بھی دیکھا گیا کہ زیادہ تر قرضے اگلی دو سہ ماہیوں میں پختہ ہونے کے متوقع ہیں اور قرض دہندہ، تکمیل مدت پر، قرض کی رقم پر سود/مارک اپ وصول کرنے کا حق رکھتا ہے۔ یہ فیصلہ کیا گیا کہ قرضوں کے معاشی دباؤ سے ریلیف فراہم کرنے اور سود/مارک اپ کے اضافی بوجھ، جو کہ موجودہ KIBOR کی بنیاد پر بڑھ کر تقریباً 22% ہو جائے گا، سے بچنے کے لئے اس بہترین اقدام یعنی زمین اور فیکٹری کی عمارت کے تصرف، پر عمل کیا جائے اور فروخت سے حاصل ہونے والی رقم کو میچورٹی کی تاریخ پر قرضوں کو منٹمانے کے لیے استعمال کیا جائے۔ اس لیے بورڈ نے فزیبلٹی تجزیہ کی بنیاد پر زمین اور کارخانے کو تصرف کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اس سلسلے میں، ایس ای سی پی کے سرٹیفائیڈ ویلیورز سے ایک ویلیوایشن کرائی گئی جنہوں نے اثاثوں کی تقریباً مالیت 1,554,592,000 روپے معلوم کی۔

بورڈ بلاتعطل طریقے سے آپریشن جاری رکھنا چاہے گا نیز متعلقہ گروپ کے ادارے نے کمپنی کو مسلسل کام جاری رکھنے کی اجازت دینے کے لیے زمین اور فیکٹری کی عمارت کی خریداری اور لیز بیک پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ بورڈ نے پروجیکٹ فائنانسنگ کی لاگت، اثاثوں کا تصرف کرنے کی اور اس کے لیز بیک کرنے کے سلسلے میں میچورٹی کے بعد قرضوں کی متوقع مالی معاونت تقریباً 22% سود کی لاگت/مارک اپ کا تجزیہ کروایا۔ یہ معلوم ہوا کہ اگر کمپنی اثاثہ جات کی ملکیت کے ماڈل سے لیز ہولڈ ماڈل کی طرف رجوع کرتی ہے تو اس کی مالی ذمہ داریوں کے تصفیہ کی اجازت دیتے ہوئے لاگت میں نمایاں کمی واقع ہوجاتی ہے جبکہ قرض لینے کے اخراجات کو برقرار رکھنے اور قرض کی رقم کی پختگی پر پہنچتے ہی اس کا مارک اپ ادا کرنے کے مقابلے میں کمپنی کی مالی حالت میں نمایاں طور پر بہتری آتی ہے۔

لہذا، اسی میٹنگ میں بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کورنگی میں زمین اور فیکٹری کی عمارت کے لیے مذکورہ پراپرٹی کے ممکنہ خریدار کے ساتھ میمورینڈم آف انڈرسٹینڈنگ اور بلاتعطل کاروباری/مینوفیکچرنگ سرگرمیوں کو جاری رکھنے کے لیے لیز کی شرائط وضوابط اور مدت کا بھی جائزہ لیا۔ مقصد یہ کہ کمپنی کسی ملکیتی مینوفیکچرنگ سہولت سے لیز/رینٹل ماڈل ہی کی طرف رجوع ہو۔

اس طرح بورڈ نے 09 جنوری 2024 کو منعقدہ اپنی میٹنگ میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط زمین اور فیکٹری کی عمارت کی فروخت اور لیز بیک کے لیے کمیٹی کی تجویز کی منظوری دی۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 134 کے ضمن میں درج ذیل ضروری معلومات دی گئی ہیں۔

فروخت کیے جانے والے اثاثوں کی تفصیلات:

ا۔B-17، سیکٹر 29، کورنگی انڈسٹریل ٹاؤن شپ، کراچی میں واقع فیکٹری کی زمین اور عمارت 17,111.11 مربع گز اور تعمیر شدہ ایریا 140,220 مربع فٹ (تقریباً) ہے۔

اثاثہ کی تفصیلات	قیمت	لگائی گئی مالیت کی قدر	کتابی مالیت	متوقع بازاری قدر/ صحیح مالیت
	---------- رقم روپوں میں ----------			
اراضی اور بلڈنگ	406,207,100	1,453,827,395	1,551,097,180	1,554,592,000

ب۔ قرض لینے کی لاگت بمقابلہ کرایہ کی لاگت جو کمپنی کو برداشت کرنا ہے۔

A	B	C	D	E	F
ادھار کی رقم	مارک اپ @22% سالانہ	فرسودگی کی لاگت	کل لاگت (اثاثہ ملکیت کی صورت میں)	کرایہ کی قیمت (لیز ہولڈ ماڈل کی صورت میں)	فرق (مالی بہتری کے لیے فائدہ)
	---------- رقم روپوں میں ----------				
1,450,000,000	319,000,000	34,160,525	353,160,525	36,000,000	317,160,525

پ۔ مستقبل کا بزنس پلان

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی زمین اور عمارت کا تصرف کرنے کی تجویز پیش کی ہے اور زمین اور فیکٹری کی عمارت کے احاطے کے لیے مذکورہ جائیداد کے ممکنہ خریدار کے ساتھ لیز/رینٹل معاہدہ کرنے کی بھی تجویز پیش کی ہے۔ مجوزہ کاروباری منصوبے کا مالیاتی تخمینہ ضمیمہ 'A' نیچے دیا گیا ہے۔ مندرجہ بالا اشیاء قانونی ہیں، کمپنیز ایکٹ، 2017 کے تحت جائز ہیں اور کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں بھی فراہم کی گئی ہیں۔ اس انتظام سے حاصل ہونے والی آمدنی کو قرض دہندگان کے لیے قرضوں کی ادائیگی کے لیے استعمال کیا جائے گا، جو کہ بشمول متعلقہ فریقین یعنی سیزا (پرائیویٹ) لمیٹڈ، سیزا کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور پریمیئر فیشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور جو مالیاتی اداروں کی منظوری سے مشروط ہوگا۔ یہ کمپنی کو چلانے میں استعمال کے لیے اضافی لیکویڈیٹی بھی فراہم کرے گا۔ کام کرنے والے سرمائے کی ضرورت کا انتظام اور منافع بخش کاروباری مواقع میں سرمایہ کاری۔

ت۔ شیئر ہولڈرز کے لیے متوقع فوائد

بورڈ کو توقع ہے کہ لیز ماڈل کی موافقت سے کمپنی کی مالی صحت میں نمایاں بہتری آئے گی اور یہ اس قابل بنائے گی کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو آگے بڑھ کر منافع ادا کرسکے۔

ضمیمہ۔A (رقم ہزاروں میں)

تفصیلات	قرض کی رقم	شرح سود	رقم
قرضوں کی ادائیگی سے بچت	1,554,592	22%	342,010
فرسودگی کے اخراجات میں کمی			14,525
کرایہ @ روپے 3.0 ملین فی مہینہ			(36,000)
ٹیکس سے پہلے تخمینی سالانہ بچت			320,535
ٹیکس @29%			(92,955)
ٹیکس کے بعد تخمینی سالانہ بچت			227,580
حصص کی تعداد			199,958
بچت فی شیئر			1.14

Merit Packaging 47x6